

# چاول کے عالمی تجارتی معیار

ایگریکلچر مارکیٹنگ انفارمیشن سروس

زراعت پاکستانی معیشت کا ہمیشہ سے ایک بڑا حصہ رہا ہے۔پاکستان کی آبادی کا 66فی صد حصہ زراعت پر گزر بسر کرتا ہے۔زراعت کا GDP(جی ڈی پی) میں حصہ 20.9فی صد ہے ۔اور پاکستان کی کل ملازمت کا 43.4فی صد کا روزگار بھی زراعت سے منسلک ہے۔ملک سے غربت ختم کرنے میں زراعت کا اہم کردار ہے اور بیرونی سرمایہ کمانے کا بھی اہم ذریعہ ہے۔پاکستان زیادہ تر بیرونی سرمایہ مختلف فصلوں کو برآمد کر کے کماتا ہے جس میں چاول کی فصل سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔کپاس اور اس سے بنی ہوئی مصنوعات کے بعد چاول سب سے زیادہ برآمد کی جانے والی فصل ہے۔سال (07-2006) کے دوران 3129142 میٹرک ٹن چاول برآمد کیا گیا جس کی کل مالیت 1125819 (ہزار) امریکی ڈالر ہے۔بلحاظ مالیت چاول کا حصہ کل پاکستانی برآمد کا 6.63فی صد بنتا ہے۔

چاول ہماری معیشت میں ترقی کا اہم ترین ذریعہ ہے۔چاول زیادہ تر دبئی ، کینیا، اومان، یمن، سنگاپور، قطر، کویت اور بہت سے یورپی ممالک کو بھی برآمد کیا جاتا ہے۔عالمی تجارتی ادارہ نے چاول کی برآمد کو باقاعدہ بنانے کے لیے کچھ قوانین متعارف کروائے ہیں جو کہ کوڈیکس ایلیمنٹری کمیشن کے مرتب کردہ ہیں۔چاول کو برآمد کرتے وقت اِن اصولوں کو مدنظر رکھنا چاہیئے۔

# چاول کے کوڈیکس سٹینڈرڈ

## 1 تعارف

اِن معیار کا اطلاق ملز کے تیار کردہ چاول اور سِلا چاول پر ہوتا ہے جو کہ براہ راست انسانی خوراک کے طور پر استعمال کئے جا سکیں۔اور جن کو پیکٹ کی صورت میں یا کُھلے طور پر عام صارف کو پیش کیا جائے گا۔چاول سے بنی دوسری مصنوعات پر اِن معیار کا اطلاق نہ ہوگا۔

## 2 تفصیل

**2.1.1** تعریف۔چاول سے مراد ثابت یا ٹوٹا چاول جن کا تعلق (اورزا سٹیوا ایل) Oryzasatim.L صنف سے ہوتا ہو۔

**2.1.1.1** مونجی۔مونجی جو کہ تھریشنگ کے بعد اپنے چھلکا سمیت ہو۔

**2.1.1.2** چھڑے ہوئے چاول۔مونجی کو چھڑنے کے بعد جو بھورے رنگ کے چاول (براؤن چاول) حاصل ہوں۔


**2.1.1.3** ملز کے تیار کردہ چاول۔

**2.1.1.4** سِلا چاول

**2.1.1.5** نشاستہ دار۔یہ چاول عام طور پر پکانے کے بعد آپس میں جڑ جاتے ہیں۔

## 3 ساخت اور خصوصیت کے اہم اجزاء

**3.1** عام خصوصیت



**3.1.1** چاول انسانی خوراک کے طور پر استعمال کرنے پر محفوظ اور موثر ہوں۔

**3.1.2** چاول کو خلاف معمول ذائقہ، بدبو اور زندہ حشرات اور مائیٹس وغیرہ سے پاک ہونا چاہیے۔



## 3.2 خاص خصوصیت

### 3.2.1 نمی کا تناسب

چاول میں نمی کا تناسب 15 فیصد (م/م) سے زیادہ نہ ہو۔

### 3.2.2 بیرونی مواد یا اجزاء

چاولوں کے علاوہ اِس میں نامیاتی اور غیر نامیاتی مواد کا تناسب درج ذیل ہے۔

**3.2.2.1** جانوروں سے متعلقہ گندگی کا تناسب 0.1% (م/م) سے زیادہ نہ ہو۔

**3.2.2.2** دوسرے بیرونی نامیاتی اجزاء کا تناسب جیسا کہ دوسری فصل کے بیج، پھک چوکر، پرالی کے تنکے وغیرہ اِن اجزاء کا زیادہ سے زیادہ تناسب کی حد نیچے دی گئی ہے۔

| | زیادہ سے زیادہ حد کا تناسب |
|---|---|
| چھڑے ہوئے چاول | 1.5 فیصد م/م |
| ملز والے چاول | 0.5 فیصد م/م |
| سِلا چاول | 1.5 فیصد م/م |
| ملز والے سِلا چاول | 0.5 فیصد م/م |

**3.2.2.3** غیر نامیاتی بیرونی اجزاء کا تناسب۔

چاولوں میں غیر نامیاتی بیرونی اجزاء جیسا کہ پتھر، ریت، گرد و غبار وغیرہ نیچے دی گئیں حدوں سے ہرگز زیادہ نہ ہو۔

| | زیادہ سے زیادہ حد کا تناسب |
|---|---|
| چھڑے ہوئے چاول | 0.1 فیصد م/م |
| ملز والے چاول | 0.1 فیصد م/م |
| سِلا چاول | 0.1 فیصد م/م |
| ملز والے سِلا چاول | 0.1 فیصد م/م |

## 4 آلودگی



### 4.1 بھاری دھاتیں:

اِن معیار کی فراہمی کو پورا کرنے کے لیے یہ لازم ہے کہ چاول بھاری دھاتوں سے مکمل طور پر پاک ہو تا کہ یہ انسانی صحت کے لئے خطرہ نہ بن سکے۔

### 4.2 زہر آلود دوائوں کے باقیات:

چاول میں زہر آلود دواؤں کے باقیات کی حد عالمی معیار جو کہ کوڈیکس ایلیمنٹری کمیشن نے مقرر کئے ہیں سے کسی صورت زیادہ نہ ہو۔

## 5 حفظانِ صحت:

5.1 اس بات کی سفارش کی جاتی ہے کہ چاول اُن مروجہ عالمی اصولوں پر پورا اُترے جو کہ حفظان صحت کے متعلق بنائے گئے ہیں۔ اور اِس کے متعلقہ دوسرے عالمی قوانین کا بھی احترام کیا جائے۔

5.2 چاول کو تیار کرتے وقت بہترین مہارتی طریق کار استعمال کئے جائیں۔ اور چاول کو کسی بھی قابلِ اعتراض اجزاء سے پاک ہونا چاہیے۔


### 5.3 جب چاول کے نمونے کا موزوں طریقے سے موازنہ کیا جائے تو

- چاول خوردبینی جانوروں سے پاک ہو تا کہ یہ انسانی جان کے لیے خطرہ نہ بنے۔
- طفیلی جراثیموں سے پاک ہو۔
- ایسا کوئی مادہ موجود نہ ہو جو کہ جراثیموں سے پیدا شدہ ہو جیسا کہ فنگس وغیرہ اور جن کی مقدار انسانی جان کے لئے خطرہ ہو۔

## 6 پیکنگ سے متعلق دفعات:

6.1 چاول کو ایسے ڈبہ میں پیک کرنا چاہیئے جو کہ اُس کے حفظان صحت، غذائیت ٹیکنالوجی اور خوراک کی کوالٹی کا محافظ ہو۔

6.2 ڈبہ اور اُس کا میٹریل ایسے اجزاء سے بنا ہو جو استعمال میں محفوظ اور موزوں ہو۔ ڈبہ کسی بھی زہریلے اجزاء سے پاک ہو اور اُس سے کسی قسم کی بو یا ذائقہ وغیرہ نہ آتا ہو۔



**6.3** جب چاول کو تھیلیوں میں پیک کیا گیا ہو تو وہ صاف، مضبوط ہوں اور سلائی یا سر بہ مُہر کی گئیں ہوں۔

## 7 لیبل لگانا

کوڈیکس جنرل سٹینڈرڈ کے لیبلنگ کے عالمی معیار کے علاوہ نیچے دیئے گئے خاص معیار بھی لاگو ہونگے۔

### 7.1 مصنوعات کا نام

مصنوعات کا نام دیئے گئے سیکشن **2.1** کی تعریف کے مطابق درج کیا گیا ہو۔

### 7.2 ہول سیل ڈبہ کی لیبلنگ یا مارکہ لگانا




ہر پیکٹ یا اُس کے ساتھ لف کئے گئے کاغذات پر درج ذیل معلومات کا اندراج ہونا چاہیے۔

- مصنوعات کے نام کے علاوہ لاٹ کی شناخت
- بنانے والے کا نام و پتہ
- پیک کرنے والے کا نام و پتہ
- شناختی نشان جس کو لف کئے گئے کاغذات سے آسانی سے شناخت کیا جاسکے۔

## 8 نمونے کا موازنہ کرنے کا طریقہ کار:

دیکھیں کوڈیکس ایلیمنٹیرس والیم۔**13**



توسیعی معلومات

### 1 چاول کی درجہ بندی

- لمبے چاول
- درمیانے چاول
- چھوٹے چاول

کاروباری حضرات کو چاھیئے کہ اُوپر دی گئی جس بھی درجہ بندی کو اختیار کریں اُسے واضح طور پر پیک کئے ہوئے ڈبہ پر درج کریں۔

## انتخاب نمبر 1

چاول کے کرنل کی لمبائی/موٹائی کا تناسب

| | | |
|---|---|---|
| 1.1 | لمبے دانے والے چاول | |
| 1.1.1 | چھڑے ہوئے عام چاول یا چھڑے ہوئے سِلا چاول | لمبائی/موٹائی کا تناسب 3.1 یا زیادہ |
| 1.1.2 | ملزوالے چاول یا ملزوالے سِلا چاول | لمبائی/موٹائی کا تناسب 3.0 یا زیادہ |
| 1.2 | درمیانے دانے والے چاول | |
| 1.2.1 | چھڑے ہوئے عام چاول یا سِلا | لمبائی/موٹائی کا تناسب 3-2.1 |
| 1.2.2 | ملزوالے چاول یا ملزوالے سِلا چاول | لمبائی/موٹائی کا تناسب 2.0-2.9 |
| 1.3 | چھوٹے دانے والے چاول | |
| 1.3.1 | چھڑے ہوئے عام چاول یا چھڑے ہوئے سِلا چاول | لمبائی/موٹائی کا تناسب 2.0 یا کم |
| 1.3.2 | ملزوالے چاول یا ملزوالے سِلا چاول | لمبائی/موٹائی کا تناسب 1.9 یا کم |

## انتخاب نمبر 2


چاول کے کرنل کی لمبائی

| | | |
|---|---|---|
| 1.1 | لمبے دانے والے چاول کے کرنل کی لمبائی | 6.6 ملی میٹر یا زیادہ ہو |
| 1.2 | درمیانے دانے والے چاول کے کرنل کی لمبائی | 6.2 ملی میٹر یا زیادہ ہو لیکن 6.6 مم سے کم ہو |
| 1.3 | چھوٹے دانے والے چاول کے کرنل کی لمبائی | 6.2 ملی میٹر سے کم ہو |

## انتخاب نمبر 3

کرنل کی لمبائی اور لمبائی/موٹائی کا تناسب کا مجموعہ

| | |
|---|---|
| 1.1 | لمبے دانے کے چاول میں درج ذیل خصوصیات ہونی چاہیے |
| 1.1.1 | کرنل کی لمبائی 6.0 ملی میٹر سے زیادہ ہو اور لمبائی/موٹائی کا تناسب 2.0 سے زیادہ ہو لیکن 3.0 سے کم ہو۔ |
| 1.1.2 | کرنل کی لمبائی 6.0 ملی میٹر سے زیادہ ہو اور لمبائی/موٹائی کا تناسب 3.0 یا زیادہ ہو۔ |



### درمیانے دانے والے چاول

کرنل کی لمبائی 5.2 ملی میٹر سے زیادہ لیکن 6 ملی میٹر سے زیادہ نہ ہو اور لمبائی / موٹائی کا تناسب 3 سے کم نہ ہو۔

**1.3 چھوٹے دانے والے چاول**

کرنل کی لمبائی 5.2 ملی میٹر یا کم ہو اور لمبائی / موٹائی کا تناسب 2 سے کم ہو۔

## 2 ملز سے تیار کردہ چاولوں کا درجہ

**2.1** ملز والے چاول (سفید چاول) کو مزید نیچے دیئے گئے درجات میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔



**2.2 پوری طرح ملز نہ کئے گئے چاول**

ملز کے ذریعے ایسے چھڑے ہوئے چاول جن کو مزید ملنگ کی ضرورت ہو۔

**2.3 اچھی طرح ملز کئے گئے چاول**

ایسے چاول جن سے چوکر اور تمام غیر ضروری بیرونی تہیں اُتار دی گئی ہوں۔

**2.4 بہت اچھی طرح ملز کئے گئے چاول**

ایسے چاول جن سے چوکر، بیرونی تہیں اور **Endosperm** کا کچھ حصّہ اُتار دیا گیا ہو۔

## 3 احتیاری اجزاء

### غذائیت والے اجزاء

وٹامن، نمکیات اور خاص امینو ایسڈ ملکی قوانین کے مطابق چاول کی مصنوعات میں شامل کئے جا سکتے ہیں۔

## 4 میعار کے دوسرے اجزاء

اس بات کی بھرپور سفارش کی جاتی ہے کہ چاول کو استعمال کرنے والے نیچے دی گئی حدوں اور تجزیہ کا طریقہ کار مقرر کر لے۔

| | دوسرے اجزاء کی تفصیل | مقررہ حد | تجزیہ کرنے کا طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| 4.1 | مکمل کرنل<br>مکمل کرنل کا مطلب ہے وہ کرنل جس کا کوئی حصّہ ٹوٹا ہوا نہ ہو | | |
| 4.1.1 | ہیڈ کرنل۔<br>وہ کرنل جس کی لمبائی عام کرنل کی لمبائی کے برابر ہو۔ | خریدار کی ترجیح | آئی ایس او 7301 |
| 4.1.2 | بڑے ٹوٹے ہوئے کرنل۔<br>وہ کرنل جس کی لمبائی عام کرنل کی لمبائی کا 1/2 حصّہ ہو۔ | خریدار کی ترجیح | آئی ایس او 7301 |
| 4.1.3 | درمیانے ٹوٹے ہوئے کرنل | خریدار کی ترجیح | آئی ایس او 7301 |
| 4.1.4 | چھوٹے ٹوٹے ہوئے کرنل | خریدار کی ترجیح | آئی ایس او 7301 |

| 4.2 | عیب دار کرنل | چھڑے ہوئے | ملزوالے | چھڑے ہوئے سِلا چاول | ملزوالے سِلا چاول | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 4.2.1 | گرمی سے متاثرہ نقص والے کرنل<br>وہ کرنل جو کہ زیادہ گرمی یا درجہ حرارت سے اپنا رنگ تبدیل کر جائیں اس میں مکمل اور ٹوٹے ہوئے دونوں کرنل شامل ہیں | 4.0 فیصد (م/م) | 3.0 فی صد (م/م) | 8.0 فی صد (م/م) | 6.0 فی صد (م/م) | آئی ایس او 7301 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 4.2.2 | نقص والے کرنل<br>وہ مکمل اور ٹوٹے ہوئے کرنل جن میں نمی، کیڑوں ، بیماری یا کسی وجہ سے خرابی پیدا ہوئی ہو۔ گرمی سے متاثرہ کرنل ان میں شامل نہ ہونگے | 4.0 فیصد (م/م) | 3.0 فی صد (م/م) | 4.0 فی صد (م/م) | 3.0 فی صد (م/م) | آئی ایس او 7301 |
| 4.2.3 | کچے کرنل<br>وہ کرنل جو کہ مکمل طور پر پکے ہوئے نہ ہوں | 12.0 فیصد (م/م) | 2.0 فیصد (م/م) | 12.0 فیصد (م/م) | 2.0 فیصد (م/م) | آئی ایس او 7301 |
| 4.2.4 | لال رنگ کے کرنل<br>لال رنگ کے کرنل جن کا (Pericarp) 1/4 حصہ سے زیادہ لال رنگ سے ڈھکا ہوا ہو۔ | 12.0 فیصد (م/م) | 4.0 فیصد (م/م) | 12.0 فیصد (م/م) | 4.0 فیصد (م/م) | آئی ایس او 7301 |

## 4.3 دوسرے قسم کی چاولوں کی زیادہ سے زیادہ آمیزش کی حد

| | چھڑے ہوئے | ملزوالے | چھڑے ہوئے سِلا چاول | ملزوالے سِلا چاول |
|---|---|---|---|---|
| مونجی | 2.5 فیصد (م/م) | 0.3 فیصد (م/م) | 2.5 فیصد (م/م) | 0.3 فیصد (م/م) |
| چھڑے ہوئے چاول | کوئی اجازت نہ ہے | 1.0 فیصد (م/م) | کوئی اجازت نہ ہے | 1.0 فیصد (م/م) |
| ملزوالے چاول | اجازت نہ ہے | اجازت نہ ہے | 2.0 فیصد (م/م) | 2.0 فیصد (م/م) |
| نشاستہ دار چاول | 1.0 فیصد (م/م) | 1.0 فیصد (م/م) | 1.0 فیصد (م/م) | 1.0 فیصد (م/م) |

# زرعی مارکیٹنگ انفارمیشن سروس کی

## اہم خدمات:

ویب سائٹ www.amis.pk کا قیام

---

تحقیقاتی رپورٹیں، معلوماتی کتابچے اور ہینڈ آؤٹس

---

سیمینار اور ورکشاپس

---

کسانوں، تاجروں اور سٹاف کی ٹریننگ

---

زرعی منڈیوں میں الیکٹرانک ریٹ بورڈ کی تنصیب

---

ٹال فری فون نمبر 0800-51111

---

موبی لنک کسان سروس 700

ایگریکلچر مارکیٹنگ انفارمیشن سروس
نظامت زراعت (معاشیات وتجارت) پنجاب
21- ڈیوس روڈ، لاہور۔ فون: 042-9200754, 9201094